NHS Test and Trace

GIG CYMRU NHS WALES | Profi Olrhain Diogelu | Test Trace Protect

کسی جگہ میں اندر جانے کے لیے کیو آر کوڈز کیسے استعمال کیے جائیں

صارف کےلیےرہنماء ہدایات

ایپ سٹور یا گوگل پلے سٹور سے این ایچ ایس کووڈ-19 ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔



جب آپ کسی جگہ میں جانا چاہتے ہوں، تو چیک کریں کہ وہاں پر این ایچ ایس کووڈ-19 کیو آر کوڈ پوسٹر لگا ہوا ہے۔

اپنی این ایچ ایس کووڈ-19 ایپ کو کھولیں اور ‘Venue Check In’ کودبائیں۔ اب اپنے سمارٹ فون کے کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے پوسٹر پر موجود کیو آر کوڈ کو اسکین کریں۔



آپ کے جانے کا وقت اور تاریخ ایپ میں ذخیرہ ہو جائے گی۔ اس کو کسی کے ساتھ شیئر نہیں کیا جائے گا اور کسی کو بھیجا بھی نہیں جائے گا۔



پوسٹر پر موجود کیو آر کوڈ اسکین کرنے کے بعد، آپ کامیابی سے داخل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی دوسری جگہ جانا چاہتے ہیں، تو پھر اپنی این ایچ ایس کووڈ-19 ایپ کو کھولیں اور ‘Venue Check In’ پر ٹیپ کریں۔ اب اپنے سمارٹ فون کے کیمرے کو استعمال کرتے ہوئے پوسٹر پر موجود ان کے کیو آر کوڈ کو اسکین کریں۔

اگر این ایچ ایس کووڈ-19 ایپ بتاتی ہے کہ حال ہی میں آپ کسی ایسی جگہ گئے تھے جہاں پر آپ کا رابطہ کورونا وائرس (کووڈ-19) کے کسی مریض کے ساتھ ہونے کا امکان موجود تھا، تو آپ کو ایک انتباہ موصول ہو سکتا ہے۔

اگر آپ میں کرونا وائرس (کووڈ-19) کی علامات ظاہر ہو جاتی ہیں، تو ان کو ایپ میں درج کرنا یقینی بنائیں اور حکومت کی رہنماء ہدایات/مشوروں پر عمل درآمد کریں۔